رجسٹرڈ ۔ حکومت حیدرآباد آندھرا پردیش ۱۹۵۹ء

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا

مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ

الجزء الخامس

للسيّد نبی الحیدرآبادی

استاذ اللغة العربية بالجامعة العثمانية سابقا

الطبعة الاولىٰ

مایو سنة ۱۹۵۹م شوال المکرم سنة ۱۳۷۸ھ

ہدایات برائے اساتذہ

(۱) أَنْ اور لِ جب یہ کلمے مضارع پر داخل ہوتے ہیں تو بلا واسطہ یا بالواسطہ آخری حرف کو زیر دیتے ہیں اور نون والے صیغوں سے نون گرا دیتے ہیں۔ صرف ۲ نونین جمع مونث غائب و حاضر کی نہیں گرتیں۔ اَنْ انگریزی کے To کی طرح ہے مثلاً شِئْتُ اَنْ اَذْهَبَ (میں نے جانا چاہا) جِئْتُ بِالْکِتَابِ لِأَقْرَأَ (کتاب لایا کہ میں پڑھوں) طلبہ کو بتایا جائے کہ اَنْ یا لِ کے آگے اور پیچھے کے صیغے غائب، حاضر اور متکلم ہونے میں برابر ہوتے ہیں۔ ہاں مفہوم کے لحاظ سے اَنْ اور لِ کے آگے کا صیغہ ماضی یا مضارع ہوسکتا ہے۔ جیسے شِئْتُ اَنْ آخُذَ الْقَلَمَ، البناتُ یَشَأْنَ اَنْ یَخِطْنَ، اَلْاَوْلَادُ یَشَاؤُنَ اَنْ یَقُوْلُوا الْحَقَّ، أَشِئْتُمْ اَنْ تَقْرَؤُا الْقُرْآنَ؟

بہر حال جب (تاکہ) اردو میں ہو تو اس کا ترجمہ میں لِ مضارع پر لگا کر کیا جائے اور اگر (نے، نا) ہو جیسے ہم پڑھنے گئے۔ تو

"أن" استعمال کیا جائے۔

(۲) لَنْ ۔ لَمْ مضارع پر داخل ہو کر کلمہ اس کے آخر کو جزم دیتا ہے اور اَنْ کی طرح تمام نونوں کو (بجز جمع مونث کا دو نونوں کے) گرا دیتا ہے اور مضارع کے معنی کو ماضی منفی کے معنی سے بدل دیتا ہے۔ جیسے لَمْ أذْهَبْ۔ لَنْ بھی اسی طرح ن گرا دیتا ہے لیکن کلمہ کے آخر کو زبر دیتا ہے اور معنی میں صرف منفی مستقبل کی تاکید کرتا ہے۔ جیسے لَنْ افعلَ (میں ہرگز نہیں کروں گا)

(۳) اسم فاعل و مفعول تین حرفی افعال سے فَاعِلٌ اور مفعولٌ کے اوزان بنا لئے جائیں اور اگر اس فعل کے بیچ میں واؤ اور یا ہو تو ان حروف کو ھمزہ سے بدل دیا جائے جیسے طلب سے طالِب۔ قول سے قائِل۔ بَیع سے بائِع رَدّ (ردد) سے رادٌّ (رادِدٌ) اگر تین حرفوں سے زائد ہوں تو فاعل مضارع معروف سے بنایا جائے اور مفعول مضارع مجہول سے۔ اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور آخر میں تنوین جیسے یُکْرِمُ، یُعْتَمَدُ، یَسْتَغْفِرُ سے مُکْرِمٌ مُعْتَمَدٌ مُسْتَغْفِرٌ اس امر کا خیال رکھا جائے کہ اسم فاعل اور مفعول میں بالعموم زیر اور زبر کا فرق ہوتا ہے

اسم فاعل میں زیر اور اسم مفعول میں زبر۔ ہاں اگر مضارع میں آخر سے پہلے الف ہو تو دونوں کی شکل مجبوراً ایک ہی ہو گی۔ جیسے یختار سے مختار وغیرہ۔

(۴) ناقص واوی اور یائی۔ یہہ بات ذہن نشین کرائی جائے کہ کلموں میں حرف علت الف سے بدل جاتا ہے اگر اس کے پہلے زبر ہو جیسے مشی، اتی، دعو اور رجو سے مشٰی، اَتٰی، دعا اور رجا وغیرہ اور مضارع کے آخر حرف علت ہمیشہ ساکن رہتے ہیں۔ جیسے مَشٰی سے یَمْشِیْ، أتی سے یَأْتِیْ دَعا سے یَدْعُوْ رَجا سے یَرْجُوْ۔ طالب علم واو سے پہلے پیش اور یاء سے پہلے زیر خود لگا کر پڑھ لیں گے مزید تفہیم کی ضرورت باقی نہ رہے گی ناقص افعال میں جمع بناتے وقت ذرا سی تبدیلی ہوتی ہے۔ اس کو مختلف مثالوں سے اچھی طرح سمجھایا جائے۔ وہ یہ کہ جمع کے واوٗ سے واوٗ یا یاء والے کلمے ملیں تو وہ گر جاتے ہیں اور ان سے پہلے کی حرکت اگر زیر ہو تو وہ واوٗ کے لحاظ سے پیش سے بدل جاتی ہے ورنہ جو بھی حرکت ہو وہ اپنی ہی حالت پر باقی رہتی ہے۔ مثلاً مَشٰی اور دَعا کی جمع مَشَوا (مَشَیُوا) دعا کی دَعَوا (دَعَوُوا) یَبْقٰی کی جمع یَبْقَوْنَ (یَبْقَیُوْنَ) اور یَرْضٰی کی یَرْضَوْنَ

(یَرْضَیُوْنَ) اِرْضَ کی اِرْضَوْا، ان مثالوں میں حرف علت کے گرنے کے بعد اس کے پہلے کی حرکت زبر قائم رہی کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اور ان مثالوں میں حرف علت کے پہلے کی حرکت زیر پیش سے بدل گئی جیسے رَضِیَ بَقِیَ سے رَضُوْا اور بَقُوْا (رَضِیُوا بَقِیُوا) یَمْشِیَ یَدْعُوسے یَمْشُوْنَ اور یَدْعُوْنَ (یَمْشِیُوْنَ اور یَدْعُوُوْنَ) اِمْشِ، اِهْدِ سے اِمْشُوا اِهْدُوا (اِمْشِیُوا اِهْدِیُوْا) ناقص واوی اور یائی افعال بالعموم دَعَا یَدْعُو اور مَشَی یَمْشِی کے اوزان پر آتے ہیں۔ اور ناقص یائی کبھی رَضِیَ یَرْضٰی اور کبھی سَعٰی یَسْعٰی کے اوزان پر آتے ہیں۔

(۵) حال وہ کلمہ جو کام کے وقت فاعل یا مفعول کی حالت کو بتاتا ہے۔ اس کو حال کہتے ہیں اور یہہ حالت جس اسم کی ہوتی ہے اس کو ذوالحال۔ حال اکثر مشتق یعنی فاعل، مفعول، فعول، فعّال وغیرہ کے اوزان پر آتا ہے اور کبھی اسم جامد کی شکل میں بھی ہوتا ہے۔ حال کو زبر کی حالت ہوتی ہے اور وہ ذوالحال کی مطابقت میں واحد، جمع، تثنیہ اور مذکر و مؤنث ہوگا۔ جیسے قرأتُ جالسًا، هم قرؤا جالسِیْنَ۔ الولدانِ

ذهبا ضاحکَین، جاءتِ البنتُ ساکتةً۔ ذھبتِ البناتُ راکباتٍ فی السیّارۃ۔ حال جیسے مفرد ہوتا ہے ویسے ہی جملہ بھی ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں اس پر زبر کی حالت نمایاں نہیں ہوتی۔ البتہ یہہ کہا جاتا ہے کہ یہہ زبر کی حالت میں ہے حال کا جملہ کی صورت میں ہونا طلبہ کے لئے آسان ہے، اس میں اعراب کی تبدیلیوں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ اگر حال جملہ استعمال کرایا جائے تو اساتذہ صاحبان بغرض سہولت جملہ اسمیہ استعمال کرائیں۔ اس جملہ کا آغاز واؤ سے کرائیں (جو واؤ حالیہ کہلاتا ہے) جیسے الولد یقرأ وھو جالس۔

(۶) اگلے جملے (جو نحوی نقطہ نظر سے مکمل ہے) کے ابہام کو دور کرنے والے اسم جامد کو مُمَیِّز (تمیز دلانے والا) یا تمیز کہتے ہیں۔ یہہ منصوب ہوتی ہے۔ جیسے الفیل اکبر اور قلبی مملوء عربی میں نحو کے لحاظ سے مکمل ہیں مگر اس میں سامع کی پوری تشفی نہیں ہوتی وہ مزید سوال کرنے پر مائل ہوتا ہے۔ اس غیر مطمئن سامع کو تمیز کے استعمال سے مطمئن کیا جاتا ہے۔ جیسے الفیل اکبر جسمًا اور قلبی مملوءُ حبًّا، تمیز کبھی غیر جامد بھی ہوتی ہے۔

(۷) استثنائے مفرّغ میں صرف یہ بتایا جائے کہ اگر کوئی

جملہ نفی سے شروع ہو اور اس کے بعد اِلّا یا سِوٰی وغیرہ کوئی حرف استثناء لایا جائے جیسے لَا اشربُ اِلّا اللّبنَ تو معنی حصر کے ہونگے یعنی میں دودھ ہی پیتا ہوں اور کوئی چیز نہیں۔ گویا پینا دودھ ہی میں محصور ہے۔ اس میں مستثنیٰ منہ کا حذف، حرف استثناء کی تشریح اور مستثنیٰ کے اعراب کو باصرار نہ بیان کیا جائے۔ بلکہ اعراب طلبہ پر ہی چھوڑ دیا جائے۔ وہ وہی اعراب خود ہی دے لیں گے جو اِلّا کی عدم موجودگی میں ہو سکتا ہے۔ اگر طلبہ سے یہ توقع پوری نہ ہو سکے تو یہ بتایا جائے کہ اِلّا کے ہونے پر جو اعراب لبن کو ہو سکتا ہے وہی اب بھی ہوگا۔ درس میں قرآنی مثالیں کافی دی گئی ہیں۔

(۸) إنْ لَوْ، إذا، لَمّا ان کلموں کے بعد ماضی استعمال کرنے کی تاکید کیجائے اور بتایا جائے کہ ان کے دوسرے جملہ کے آغاز میں امر و نہی یا اسم ہو تو "تو" کے لئے "ف" ضرور استعمال کریں جیسے إن نجحتَ فاشکر للہ۔ إذا جاءك سائل فلا تنهرهٗ۔ إن خدمت الوالدین فلك النجاح۔

إنْ سے بالعموم کام کا مستقبل میں واقع ہونا سمجھا جاتا ہے۔ اذا زمانہ مستقبل کو بتاتا ہے۔ إذْ اور لمّا بالعموم ماضی پر داخل ہوتے ہیں اور ان کا دوسرا جملہ ماضی سے ہی شروع ہوتا ہے۔ لَوْ اکثر ماضی پر

آتا ہے اور ماضی تمنائی کے معنی دیتا ہے۔ اور دوسرے جملہ یعنی جزاء میں اکثر لَ تاکیدی داخل ہوتا ہے جیسے لولا علیٌّ لھلک عُمر

(۹) عدد

جزء رابع میں ۳ سے ۱۰ تک عدد کا استعمال بتایا گیا ہے۔
اب ۱۰۰ تک بتایا جائے گا۔

عدد کے استعمال میں دو چیزیں ذہن نشین کرائی جائیں۔ ایک اسم (معدود) کا واحد یا جمع اور اس کا مفتوح یا مکسور ہونا دوسرے عدد کی تذکیر و تانیث۔

یاد دلایا جائے کہ ۳ سے ۱۰ تک اسم جمع اور مکسور ہوتا ہے۔ اور ۱۱ سے 99 تک واحد اور منصوب۔ ۱۰۰ اور ۱۰۰۰ کے بعد واحد اور مکسور۔

اس کی تذکیر و تانیث کو حسب ذیل طریقہ پر سمجھایا جائے۔
۱ سے ۱۰۰ تک دس دس کے دس حصے ہیں یا یوں سمجھو کہ ایک لمبی لکڑی ہے جس میں دس گرہیں ہیں اور ہر گرہ میں ۹ حصے ہیں اور دسواں حصہ خود گرہ ہے۔ جو اس نقشہ سے واضح ہے۔ اس نقشہ میں ہر گرہ کا نام دے دیا گیا ہے۔ ہر گرہ کے ۱-۲ میں اسم اور عدد دونوں مذکر ہوں گے یا دونوں مؤنث۔ جیسے کتاب واحد

مدرسۃ واحدۃٌ۔ رجلانِ اثنانِ۔ بنتان اثنتان (یہ
تاکیدی استعمال ہے (عدد کا استعمال ۳ سے ہی ہوتا ہے کیونکہ
کتابٌ سے ایک کتاب اور کتابانِ سے دو کتابیں سمجھی
جاسکتی ہیں) احدَ عشرَ کتابا۔ اِحدیٰ عشرۃَ
مدرسۃً، اِثنا عشرَ شھرًا، اثنتا عشرۃَ سنۃً
(اثنا اور اثنتا کی ن عشر سے ملنے کی وجہ سے حذف
ہوگئی) احد وعشرون ولدًا۔ احدیٰ وعشرون
امرأۃً۔ اثنان وعشرون کتابا۔ اثنتان وعشرون
امرأۃً۔ احد وثلٰثون شھرًا۔ احدیٰ وثلٰثون
سنۃً۔ اِثنان وثلٰثون ولدًا۔ اثنتان وثلٰثون
بنتًا (اثنان اور اثنتان میں ن اس لئے باقی ہے کہ
وہ عشرون وغیرہ سے بالکل ملی ہوئی نہیں ہے بلکہ ان کے
بیچ میں واؤ ہے)

عشرہ
عشرون
ثلثون
اربعون
خمسون
ستون
سبعون
ثمانون
تسعون
مئۃ

ان مثالوں سے صاف ظاہر ہے کہ ۱، ۲ ہندسوں کی حد تک
ان میں اختلاف نہیں ہے۔ ہر گرہ میں ۳ سے ۹ تک عدد اسم (واحد
نہ کہ جمع) سے مختلف ہوگی جیسا جز، رابع میں بتایا گیا ہے ۱۳ سے
۱۹ تک کے مرکب اعداد میں بھی اختلاف ضروری ہے مثلاً ثلاثۃ

عشرَ کے دونوں عدد نہ مذکر ہو سکتے ہیں نہ مؤنث۔ بلکہ کوئی ایک مذکر ہوگا اور دوسرا مؤنث اور اس میں اصل عدد پہلی ہوگی جو حسب قاعدہ اسم سے مختلف ہوگی۔ اور یہہ امر ذہن نشین کرایا جائے کہ ۱۱ سے ۱۹ تک اعداد کے دونوں اجزاء کے آخری حرف پر زبر ہوگا۔ اور کسی عامل کی وجہ سے نہیں بدلے گا۔ جیسے ثلٰثۃَ عشرَ احدَ عشرَ وغیرہ۔ اسم اور عدد کے مختلف ہونے کی مثالیں یہ ہیں۔ ثلٰثۃَ عشرَ رجلاً۔ ثلٰثَ عشرَۃَ بنتاً۔ ثلٰثۃٌ وعشرُون ولداً۔ اربعٌ وعشرون سنۃً۔ خمسۃٌ وخمسون کتاباً۔ خمسٌ وخمسون سنۃً وغیرہ۔ یہ امر بھی ذہن نشین کرایا جائے کہ عشرونَ ثلٰثونَ، اربعون وغیرہ اعداد عقود کہلائی جاتی ہیں یعنی گرہیں جو مسلمون کی طرح عامل کی وجہ سے بدل کر عشرین۔ ثلٰثین اور اربعین ہو جاتی ہیں۔ لیکن دیگر اعداد کی طرح ۃ لگا کر ان کو مؤنث نہیں بنایا جا سکتا۔ مئۃ (۱۰۰) اور الف (۱۰۰۰) کے بعد اسم واحد اور مکسور ہوتا ہے۔ جیسے مئۃُ رجلٍ۔ الفُ سنۃٍ۔ مئۃُ بنتٍ۔ الفُ مدرسۃٍ وغیرہ مزید وضاحت کے لئے ان نقشوں سے مدد لی جائے جن سے عقود (گرہوں) اسم اور عدد کی حالتیں اچھی طرح ذہن نشین ہو جائیں گی۔

اسم مذکر ہونیکی صورتمیں	سبعةَ عشرَ	اربعة وثلثون
واحد	ثمانية ″	خمسة ″
اثنان	تسعة ″	ستّة ″
ثلثة	عشرون	سبعة ″
اربعة	احدٌ وعشرون	ثمانية ″
خمسة	اثنان ″	تسعة ″
ستّة	ثلثةٌ ″	اربعون
سبعة	اربعةٌ ″	احد واربعون
ثمانية	خمسة ″	اثنان ″
تسعة	ستّة ″	ثلثة ″
عشرة	سبعة ″	اربعة ″
احدَ عشرَ	ثمانية ″	خمسة ″
اثنا ″	تسعة ″	ستّة ″
ثلثةَ	ثلثون	سبعة ″
اربعة ″	احد وثلثون	ثمانية ″
خمسة ″	اثنان ″	تسعة ″
ستّة ″	ثلثة ″	خمسون

احدوخمسون
اثنان 〃
ثلثة 〃
اربعة 〃
خمسة 〃
ستة 〃
سبعة 〃
ثمانية 〃
تسعة 〃
ستون
احدوستون
اثنان 〃
ثلثة 〃
اربعة 〃
خمسة 〃
ستة 〃
سبعة 〃

ثمانیةوستون
تسعة 〃
سبعون
احدوسبعون
اثنان 〃
ثلثة 〃
اربعة 〃
خمسة 〃
ستة 〃
سبعة 〃
ثمانية 〃
تسعة 〃
ثمانون
احدوثمانون
اثنان 〃
ثلثة 〃
اربعة 〃

خمسةوثمانون
ستة 〃
سبعة 〃
ثمانية 〃
تسعة 〃
تسعون
احدوتسعون
اثنان 〃
ثلثة 〃
اربعة 〃
خمسة 〃
ستة 〃
سبعة 〃
ثمانية 〃
تسعة 〃
مئة
تانیث میں ۃ نکل جائے گی

(۱۰) جمع مکسر (۱) تین حرفی اسما، کی جمع اکثر أفعال کے وزن پر بنائی جاتی ہے۔ جیسے حِمْل سے أحمال، قُفل سے أقفال، ثوب سے أثواب، عِنَب سے أعناب، جمَل سے اجمال، کتف سے اکتاف، عُضُو سے اعضاء وغیرہ۔

(۲) وہ تین حرفی اسم جس کے آخر ۃ ہو اس کی جمع فِعَلٌ یا فُعَل کے اوزان پر بنائی جاتی ہے جیسے عِبْرۃ سے عِبَرٌ۔ صُوْرَۃٌ سے صُوَرٌ، درّۃ سے دُرَر، سِیَرۃ سے سِیَر

(۳) مؤنث اسم فاعل جیسے فاعلۃ کی جمع اکثر فواعل کے وزن پر بنائی جاتی ہے جیسے صاحبۃ سے صواحب وغیرہ اور اسم مفعول کی مفاعیل کے وزن پر جیسے مکتوب مکاتیب۔

(۴) أَفْعَلُ، مَفْعَل اور مُفْعَل کے آخر و یا ی ہو تو الف سے بدلکر وہ اعلیٰ مَقرىٰ، مرقیٰ کے اوزان پر آئیں گے اور انکی جمع اکبر، اعلیٰ منظر، مقریٰ، مِسمع مِرقیٰ سے اکابر، اعالی، مناظر، مقاری، مسامع اور مراقی کے اوزان پر آئے گی۔

(۵) ہر وہ چار حرفی اسم جس کے ماقبل آخر حرف مدّ ہو (یعنی واؤ جس کے پہلے پیش ہو، الف جس کے پہلے زبر ہو اور ی جس کے پہلے زیر ہو) تو اس کی جمع اکثر مفاعیل کے وزن پر آتی ہے جیسے قرطاس سے قراطیس، عصفور سے عصافیر، اور مفتاح سے مفاتیح۔ آ

جز میں سردست اتنے ہی اوزان پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ اس جز میں
زیادہ تر یہی اوزان استعمال کئے گئے ہیں۔

(۱۱) مَن۔ ما۔ اَلّذی کی طرح اسماء موصولہ ہیں دوسرے
لفظوں میں "جو" کے لئے تین کلمے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اَلّذی۔ مَن اور
ما مگر ان میں فرق ہے۔ اَلّذی انسان و غیر انسان سب کے لئے استعمال
کیا جا سکتا ہے۔ خواہ اس کے پہلے اسم ہو یا نہو اور من و ما کے پہلے
بالعموم اسم نہیں ہوتا۔ من انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور
ما غیر انسان کے لئے اَلّذی میں مذکر و مؤنث اور واحد و جمع اور تثنیہ
ہوتا ہے لیکن من اور ما میں نہیں۔ وہ ہمیشہ اسی شکل میں رہتے ہیں
اس جز میں ان کو رفعی و نصبی حالتوں ہی میں استعمال کیا گیا ہے۔
جرّی حالت میں ان شاء اللہ بعد کے جز میں استعمال کیا جائیگا۔

(۱۲) مرکب مخلوط یعنی وہ مرکب جس میں اضافت اور
صفت دونوں پائی جائیں۔ اس کی تین صورتیں ہیں۔ صفت یا تو
صرف مضاف میں ہوگی۔ جیسے لڑکے کا نیا قلم یا صرف مضاف الیہ
میں ہوگی۔ جیسے چھوٹے لڑکے کا قلم، ہمارا مہربان رب یا مضاف
اور مضاف الیہ دونوں میں ہوگی۔ آخر الذکر کو آئندہ اجزا میں
استعمال کیا جائے گا۔ اس جز میں پہلے کی دو صورتیں استعمال کی گئی

ہیں۔ ایسے مرکب کا عربی میں ترجمہ سردست اس طرح کیا جائے۔

پہلے سادہ اضافی مرکب کا ترجمہ کیا جائے۔ اور صفات کو سردست چھوڑ دیا جائے اور اس کے بعد صفات کو اس کے ساتھ رکھا جائے اور ان کو وہی اعراب دیا جائے جو ان کے اسم کا ہے۔ جیسے قلمُ الولدِ الجدیدُ، قلمُ الولدِ الصغیرِ، ربُّنا الرحمٰنُ اور تذکیر و تانیث واحد و جمع میں بھی حسب دستور صفت کو اسم کے مطابق رکھا جائے۔ جیسے دروسی الماضیۃُ مدرستُنا العظیمۃُ۔ بناتُنا المسلماتُ وغیرہ۔

(۱۳) اس جزء میں قرآن اور حدیث کے درس اور امثال الگ الگ کر دئے گئے ہیں، ان میں کافی اضافہ کیا گیا ہے اور مناسب حال احادیث جمع کی گئی ہیں۔ پڑھنے والوں سے عمل کی توقع کی جاتی ہے ورنہ بے عمل علم سے کوئی فائدہ ہی نہیں۔

(۱۴) عربی تمرینوں میں حسب وعدہ قرآنی قصوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

(۱۵) کوشش کی گئی ہے کہ اردو ترجمہ میں دنیوی ضروری باتوں کے ساتھ دینی اہم امور پر زور دیا جائے۔ وما علینا الا البلاغ۔

نوٹ:۔ اس جزء میں عجلت کی وجہ سے ممکن ہے کہ ترجمہ میں ترتیب یا درس میں کمی وبیشی کی خامیاں رہ گئی ہوں انشاء اللہ ان کو دوسرے ایڈیشن میں دور کر دیا جائے گا۔

درس ١
محادثة

مجید:۔ کم جزءاً من منهاج العربیّة آتمّ إخوانك

یا حمید؟

حمید:۔ اخوانی اتمّوا أربعةَ اجزاءٍ منه حتی الآن۔

مجید:۔ کم جزءاً أتمّتْ اخواتك؟

حمید:۔ أخواتی أتممن الجزئین والآن یقرأن الجزء

الثالث۔

مجید:۔ کم جزءاً أتممتَ أنت یا حمید؟

حمید:۔ أتممتُ من فضل الله الأجزاءَ الأربعة۔

مجید:۔ أیُحبّ أبوك وأُمُّك هذه اللغةَ؟

حمید:۔ نعم! وکیف لا یُحِبّانها وانّهما مسلمان۔

مجید:۔ أتحِبّها أنت یا حمید۔

حميد:- نعم! انا أُحِبُّها شديد الى ولكلِّ مُسلِمٍ ولِعٌ بها۔

مجيد:- أتُحِبُّها النساء كما يُحِبُّها الرّجال؟

حميد:- نعم: النساء يُحبِبنَها كما يُحِبُّها الرجال لانّ القرآن

المجيد الذى هو قانون المسلمين لقد أُنزِل فيها

ولانها من اَقدمِ اللغات وأبلغها وأوسعها۔

مجيد:- قيل لى اِنّها اصعب اللُّغات: أصَحيحٌ هذا؟

حميد:- لا يا أخى إنّها ليست كذلك بل المعلِّمون جعلوها

صعبةً لِاجلِ منهاج تدريسهم والحقّ أنّ حصولها

يسير وعبورها عسير۔

مجيد:- أتصِف لى ما هى التصاريف الّتى يخافها الناس؟

حميد:- التصاريف جمع التصريف معناه نَقلُ كلمةٍ من

شكلٍ إلى آخَر وهو مجموعُ صِيَغٍ مختلفةٍ من الغائب

والمخاطب والمتكلّم والمذكر والمؤنث والواحد

والتثنية والجمع۔ وهذا المجموع يثقلُ حفظُه على
التلاميذ ولكنّ المعلّمين يأمرونهم بحفظها
فيحفظونها كما يحفَظ الحُفّاظُ القرآنَ المجيد
وهذا الّذي رغّبَ عنها المولَعين بها وجعلهم
مستوحشين۔

مجيد: أتحسَب انّ التصريف ليس ضروريّا؟

حميد: لا يا مُحِبّ العربيِّ كيف أحسَب هكذا والعربيّ لا
يحصُل بدونه ولكنْ لتدريسه وتفهيمه طريقةٌ
اُخرىٰ۔ ومن المعلومات الحُمّىٰ بالعموم تزال
بالدّواءِ المُرّ ولكن لا يأكله الصّغار بدون تركيبهٖ
بِنَوعٍ من الحلاوة۔ فكذلك حال العربيّ و
تدريسُه فافهم۔

مجيد: أليست القواعد الكثيرة ضروريّةً؟

حميد:- بلى : ولكنّ تدريسَ كثيرٍ من القواعد بدون استعمالِها والتمرينِ عليها لاينفع تلميذا قد كان خائفاً منه من قبلُ. ألا تعلم انّ الطعام او الدّواء لا يُؤكَل فى وقت واحدٍ بل يؤكل قليلا قليلا والاّ فاْعلَموا أنّه لاينفع المريضَ بل يضرّه -

مجيد:- صِف لى انت يا حميد كيف تُدرّس اللّغة العربيّة؟

حميد:- اعلم يا مجيد انّها تُدرّس بالتّدريج من السّهل الى الصّعب وبتدريس القواعد على قدر فهم التّلاميذ وبتمرينهم عليها وبالتحسين فى البيان عنها- وهذا الذى يحبّب اللغة العربيّة الى التلاميذ ويُسهِّلُها لهم ولاخير فى منهاجٍ لايوجد فيه تدريجٌ ولاتحسين ولاتمرين-

أسئلة:- أتحبّ الوالدين ولماذا؟ فى كم شهراً تُتمّ هذا

الجزء؟ بايّ طريق نُحبّب اللُّغة العربيّة إلى التلاميذ؟ أيؤكل

دواءٌ يومٍ مرّةً واحدة؟ كم مرّة يؤكل الدّواء في يوم؟ أتكتبون

الصِّيَغ بدون حفظ التصاريف؟ أأُجبِرتُم على حفظ التصاريف؟

ما الذي رغّب المسلمين عن العربيّ؟ بايّ لسان أُنزِل

القرآن؟ كم جزأً من منهاج العربيّة اتممتَ؟

ترجمہ کرو:۔ میں سمجھتا ہوں کہ تمہارے بھائی نے دو کتابیں تمام کر دیں۔
کیا یہ صحیح ہے؟ میں تمہاری بھلائی کے لئے دستِ دعا (دعاء کا ہاتھ) دراز
کرتا ہوں۔ تم بھی بھلائی کے لئے اپنے ہاتھ پھیلاؤ؟ کتنی مرتبہ موذن اذان دیتا
ہے؟ کیا معلم تدریجی طریقہ پر عربی سکھاتے ہیں؟ طلبہ میں عربی زبان کو محبوب
بناؤ۔ کیا وہ طریقہ مفید ہوگا جس میں تدریج نہ پائی جائے؟ علم و فضل والے کو
سب پر فضیلت دیجاتی ہے۔ اے مسلمانوں کی لڑکیو! اس کام کو آگے کرو جو تمہارے
لئے بہت ضروری ہے۔ اس کو کسی صورت میں پیچھے نہ کرو۔ اب ہم محنتی
ہوگئے اور اس سے پہلے ہم سست تھے۔ اس شخص میں کوئی خیر نہیں جس
میں دینداری نہیں (دیانۃ) عربی کے حصول کے لئے زیادہ مشق ضروری ہے؛
صرف پڑھنا (ریڈنگ) شائقین کو فائدہ نہ دے گا۔ اسلام انسان کو

برائیوں سے نکالتا ہے اور اچھائیوں کی طرف لیجاتا ہے۔

قوسین دور کرو: لکھو اور پڑھو:۔

یا (ارحم الراحمین) یا (ذوالجلال والاکرام) إنّك

كنت بنا (بصيرٌ) كونوا (مسلمون)۔ اصبحتم بنعمته (اخوان) و

كانوا (ظالمون) اصبحوا بها (كافرون)، لستَ (مؤمن) انّ (الحسنات)

يُذهبن (السيآت)، اِتخذِموا (الوالدان) لا (الهُ) غيرُك، والله

عليم ب (الظالمون)، انّ (اخوه) عند (ابوك) والله يحبُّ (المحسنون)

كانوا لنا (عابدون)، الخبيثات لِ (الخبيثون) والطيبات لِ

(الطيبون)، ربّنا لا تجعلنا مع القوم (الظالمون) ما كان محمّد (ابو)

احدٍ من رجالكم، فلا تقل أُفٍّ لِ (الوالدان)۔

ذیل کے صیغوں میں جو ماضی ہو اس کا مضارع لکھو اور جو مضارع ہو اس کی ماضی:۔

تسافرون، تُتمِّ، يُعلِنون، فضّلنا، أتممتَ، آخبروا، قُلتما

أتمّتْ يُتِمّان، تُسْلِمان، تُصبِحن، أتممن، لِمنا، تُعلِمين

قدمت، یخبرن، بردتما، خطتم، تبیحان، نُستران نبیع،
تتولین، نقِف، وضعتَ، یخطن، قُمتن، تعِدن، أظنّ،
مررنا، نمت، ودّوا، ودِدتُ، یقال، بیعث، سُرِرتُ،
عُلِمنا لاتُظامون، اُرسِلنا، نُضِّلوا، لا یُرَدّ، زیدت، تُباع۔

امرونہی کے صیغے مذکر و مؤنث واحد و جمع لکھو۔

تحجّ، تنصر، تروح، تزید، تقِف، تسلّم، تحادث، تُخبر
تُتِمّ، تحفظ، ترُدّ، تاخذ۔ تعوذ، تُرسلِ، تؤمن، تنزل،
تصِف، تھَب، تسَر، تمدّ، تجاهد، تهاجر، تضِلّ۔

درس ۲
(أن۔ لِ)

:۔ أيحبّ كلّ ولد أنْ يكونَ من النّاجحين؟

:۔ نعم: كلّ الاولاد يحبّون أن يكونوا منهم۔

:۔ أتَجِدُّ أنْ تنالَ جائزة؟ نعم! أَجدّ أنْ انالها۔

:۔ أتحبّ البنات أنْ يخدِمْن امّهاتِهِنّ و يعملن معهنّ!

:۔ نعم: هن يُحِبْن أنْ يخَدمن امّهاتِهِنّ ويعملن معهنّ۔

:۔ أتَودّين ايّتها البنت أن تعملى بنصائح الاكابر؟

:۔ نعم: أُوَدّ ان اعمل بنصائحهم التى هى ثمينة۔

:۔ أتَرُمن ايّتها البنات أن تنلْن جائزتَيْنِ فى التربية المنزليّة والتطريز؟

:۔ نعم: نروم أن ننالَ تَيْنِكَ الجائزتَيْن۔

:- أتحبون ان تراجعوا دروسكم كلّ يوم؟

:- نعم، نحبّ انْ نراجع دروسنا كلّ يوم-

:- لماذا تخدمان الوالدين يا حامد وماجد؟

:- نخدمهما لنكون سعيدين فى الدارين-

:- لماذا يقوم النّاس من النوم بكرةً؟

:- يقوم الناس ليعبدوا ربّهم-

:- لماذا أرسل الله رُسُلَه؟

:- ارسلهم الله لِيُبشِّروا عباده بالجنّة ويُنذِروهم النارَ-

:- لماذا يؤذّن المؤذّن خمس مرّات فى المساجد؟

:- يؤذّن المؤذّن ليجئ النّاس للصّلوة-

:- لماذا تروم البنات ان يَدْرُسْن العربىّ؟

:- ألبنات يرمن ان يدرسنه ليفهمن القرآن والحديث

:- لماذا تسيرون فى الارض؟

:۔ نسیر لننظر کیف کان عاقبة المکذّبین۔

:۔ لماذا تُحبّین أیتّها البنت ألّا (أن لا) تشهدی دار الخیالة۔

:۔ احبُّ ألّا أشهدَها لانّها عندی تُفسِد العاداتِ وتضیع الاوقاتَ وتُتلف الأموال وتُعوِّد الملاهی وانّ أسلّم انّ فیها نفعا ولکنّ اثمها اکبر من نفعها وشرّها اکثر من خیرها۔

وسافُصّل ذلك فی درس من الدروس الآتیة ۔

اسئلة :۔ لماذا تَجِدّ للامتحان الحکومیّ ؟ لماذا خلق اللہ الجنّة والنّار؟ لماذا تخدِمون اکابرکم ولِمَ لا تشهَد دارَ الخیالة ؟ لماذا تعملان الصالحاتِ ایتها الوالدان ؟ لماذا تروحین إلی المدرسة ایّتها البنت ؟ لماذا خلق اللہ الانسان ؟ لماذا خلق اللیل والنهار؟ لماذا ینزل الماء من السّماء ؟ لماذا جعل اللہ لنا الیدین والرجلین؟

والعینین ؟

ترجمہ کرو:۔ سنا گیا کہ اس کا بھائی اپنا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا؛ کیا مسلمان لڑکیاں قرآن اور حدیث پڑھنا نہیں چاہتیں ؟ کیا وہ لڑکے سینما ہر روز دیکھنا چاہتے ہیں ؟ کیا وہ نہیں جانتے کہ سینما اخلاق خراب کر دیتا ہے ؟ کیا ہر شخص نہیں جانتا کہ اس کی برائی اس کی اچھائی سے زیادہ ہے؟ میں نہیں چاہتا کہ اسلامی تعلیمات چھوڑ دوں کیونکہ ان میں دین اور دنیا کی بھلائی ہے ۔ میری خواہش ہے (أوَدّ) کہ میں اپنی ملت کا خادم ہو جاؤں ۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک کرنا نہیں چاہتا ۔ اے مدرسہ کے لڑکو! اپنا کام وقت پر تمام کرو تا کہ تمہاری زندگی اچھی ہو جائے ۔ اپنے بزرگوں کی باتوں پر عمل کرو تا کہ دونوں جہاں میں تم کو سعادت حاصل ہو؛ غریبوں کو کھانا کھلاؤ (أطعَمَ) اور ان پر رحم کرو تا کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے ۔ محنت سے پڑھو اور لکھو تا کہ شاندار کامیابی حاصل ہو ۔ ورزش جسمانی سے بھی اعراض نہ کرو تا کہ تمہاری صحت اچھی رہے ۔ تم نماز کے بارے میں (عن) سب سے پہلے پوچھے جاؤ گے ۔ کیا اللہ دلوں کے شرور کو جاننے والا نہیں ہے ؟

درس ۳

اسم فاعل ومفعول

عَلِمَ سأل خاف باع سَرَّ

عالِمٌ سائِلٌ خائِفٌ بائع سارٌّ(سارِرٌ)

معلومٌ مسئولٌ مخُوفٌ(مخووف) مَبِيْعٌ(مبيوع) مسرور

عالمون سائلون خائفون بائعون سارّون

معلومون مسئُولون مُخُوفون مَبيعون مسرورون

عابدون خادمة صابرات سارّة حاجّات مقولات

بائعة مبيعات غائبون ضارّانِ سارّتانِ وادّون

مكتوبات مزيد مولودة رائحان جادّةٌ زائرون

يُؤدِّب يُقاتِل يخبِر مؤدِّبٌ مُقاتِلٌ مُخبِرٌ

يؤدَّب يُقاتَل يُخبَرَ مُؤدَّبٌ مُقاتَل مُخبَرٌ

مُكلِّف مُكلَّف مسافِر مُصلِح مُنعِم مُنعَم

مُصوِّر مصوَّر مُصاحِب مُصاحَب مُظهِر مظهَر

مسافِرة مُكلِفة مُحسِنات مصوِّرات مصوَّرون

منوَّرة محسِنون مُباحِثة مُقسَّم مصاحِبون

مسئول مَزيد ناجح مَقولة سائرة فاز مارّة منوِّم

مُظاهِرون حاجات مُعلِّمون مُسلمات مُخبِرة محرَّم

مبيع رادّون مُرسَلون مَبيعة

إنَّ اللهَ خالق ونحن مخلوقون ، وهو المعبود الحق

لاشريك له ، مُظهِرا الكائنات بقدرته ۔ مُخرِج الحيّ

من الميت ومُخرِج الميّت من الحيّ ، بديع السمٰوات

والأرض كلٌّ له قانتون ، فاصبحت اخلاقنا مُحكمةً و

افكارنا عن الشتات مصونةً نشهد انه الأحد الصمد

وانّا بقدرته لواثقون ولذلك قائلون إنّا الى الله

لراغبون فلا يمسّنا خوفُ مليكٍ ولا يُفزِعنا خيالُ شريكٍ

وانّا به من الشّيطان لعائذون ۔ وبحوله عليه لغالبون ۔

ارسل اللهُ لهدايتنا رُسُلاً مُبشّرِين ومنذِرِين، مقولاتهم لناسارّة وليست ضارّةً وآراأهم صائبةٌ وليست خاطئةً هم الناصحون المخلصون فما هم فيه بملومين و عليه بِمَعيبين. هم القائمون بامرالله والمحافظون عليه.

أسئلة:- من اظهر الكائنات؛ من يخرج الحيّ من الميت؛ من اظهرالكائنات، باى شيئ اصبحت اخلاقنا محكمة؛ لماذا لايمسّنا خوف أحدٍ؛ ممّن تعوذون وبمن؛ من أرسِل لهدايتنا؛ من المبشّرون ومن المنذِرون؛ هل الرّسل ملومون؛ هل آرائُهم خاطِئة؛ أبحول الله انتم غالبون.

قوسین کے کلموں سے مناسب اسم فاعل یا اسم مفعول لکھو:-

الكافرون (ضلّ)، النجاح (سرّ)، الرّسل (بشّروانذر)، الايام (عاد)، تلك الجنّة (خلد)، البنات (راح) الى المدرسة

الکرام (زار) لسنا (خاف) کتبی (باغ) ھذہ الصُّورۃ

(عاب)، ذانك الوالدان (سافر) ھذہ الایام لیست (ستۃ)

ترجمہ کرو:۔ طاعون سے بھاگنے والا چوہے کے مانند ہے۔ یہ سنی ہوئی باتیں ہیں۔ مقدر ہونے والا ہے۔ جو مرگیا وہ لوٹنے والا نہیں ہے۔ کامیابی کی خبر خوش کرنے والی ہے۔ وہ لڑکے سفر کرنے والے ہیں۔ یں گمراہ نہیں ہوں۔ یہ لکھی ہوئی باتیں ہیں۔ یہ پھٹے ہوئے کپڑے پرانے ہوگئے۔ حجاج کا قافلہ یہاں سے گذرنے والا ہے۔ یہ ڈرے ہوئے لڑکے ہیں۔ ان کو خوش کرو۔ کیا بانٹنے والا محروم ہوتا ہے؟ کہا گیا کہ کمانے والا اللہ کا پیارا ہے۔ اللہ سے ڈرنے والے کسی سے نہیں ڈرتے۔ مانگی ہوئی چیزیں واپس کردو (ردّ)۔ شیطان اللہ سے پناہ مانگنے والوں کو نہیں چھوڑے گا۔ کیا وہ پڑھی ہوئی کتابیں نہیں ہیں؟ کیا وہ قاعدہ سکھایا ہوا نہیں ہے؟ کیا وہ لکھی ہوئی دو کاپیاں گم ہوگئیں؟ وہ دھوئے ہوئے کپڑے پہنے گئے، انبیاء اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں۔ تصویر اتارنے والے عذاب پانے والے ہیں۔ دنیا کا مال خوش کرنے والا نہیں ہے بلکہ ضرر پہنچانے والا ہے۔ رسول خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے ہیں۔

درس ۴

(۵ اور ۶ حرفی ماضی والے فعل)

تَيَقَّظَ يتيقَّظُ تتيقَّظْ لاتَتَيقَّظْ مُتيَقِّظ

تَناوَلَ يتناوَلُ تناولْ لاتتناوَلْ مُتَناوِل

إِجْتَهَدَ يَجْتَهِدُ إجتَهِدْ لاتَجتهِدْ مُجْتَهِدٌ

إسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِر إسْتَغْفِرْ لاتستغفِرْ مُستغفِر

:۔ متى تيقّظتَ يا أخي اليومَ من النّوم؟

:۔ تيقّظتُ يا أخي والسّاعةُ خمسٌ۔

:۔ أتتيقّظ هكذا دائما؟

:۔ نعم: تعوّدتُ ان أتيّقظ السّاعةَ الخامسة۔

:۔ أتجتهد أُمّك واخواتك أَن يتيقّظن مثلك؟

:۔ نعم: كلّهن يتيقّظن مثلى قبل مطلِع الفجر۔

:۔ باىّ الاعمال تشتغل حينئذٍ أنت واعضاءُ أُسْرتِك؟

:۔ نحن نشتغل باداء الصّلوة وتلاوةِ القرآن۔

:- أتستغفرون ربكم الذى خلقكم فى احسن تقويم؟

:- نعم: نستغفر ربنا الذى خلقنا بكرةً وأصيلا

:- بماذا تشتغلون بعد ذلك؟

:- الرجال منا يشتغلون بامورهم والنساء يشتغلن بالطبخ ثم نتناول الفطور وقد امتلأت قلوبنا بالشكر لربنا الرحيم الذى يرزقنا من الطيبات۔

:- أتمتعت بالمشاهد الطبيعية الجميلة تارةً؟

:- نعم: تمتعتُ بها وسررت كثيرا۔

:- تفضل يا أخى وصف لى نُبذةً منها؟

:- اصبحت النجوم تغيب والريح تهب والاشجار تتمايل والطيور تغرد فى الاوكار وتتوجه إلى البحار والاشجار لتتمتع هناك بالاثمار والموذن يؤذن بصوت يملأ الجو بجلالٍ وجمال۔ والطالبون يُراجعون

دروسهم بنشاطٍ تامّ ووجدت الظّلام ينكشف عن النور قليلاً قليلاً۔

:۔ أتتفكّرُ فى اختلاف اللّيل والنهار يا اخى؟

:۔ كيف لا وقد قال الله إنّ فى ذلك لاٰياتٍ لقوم يتفكّرون ۔ ايّها التلاميذ تيقّظوا بكرةً وتمتّعوا بالمشاهد الطبيعيّة الجميلةِ وتفكّروا فى قدرة الله فبذلك تطيب حالكم ويحسُن مآلكم وَاسْتمِعوا لنصيحة اكابركم واعلموا أنّ نصائحُ الكبار احبّ إلى الخيار۔

تمرين

اِخوتى! اللغة العربيّة لها اهمّيّة كبرىٰ: (١) اُنزِل فيها القرآن الذى هو دستور الاسلام (٢) وفيها الحديث الذى فُصّلت فيه حياة رسول الاسلام وهو بمنزلة التفسير للقرآن

أَلاتعلمون ان الله امرنا بالصلوٰة والزكوٰة والصوم والحج، أُذكر
فيه طرقُ اداءِ ها؛ والذى علّمناها هو رسوله فى حديثه ـ وفى هذا ردٌّ
على الذين يقولون حسبنا القرآن ومالنا حاجة الى الحديث.
(٣) وفيها الصلوٰت والاَدْعِية والاذكار والخُطَب، أتجوز هذه
الاعمال الهامّة بدونها؛ (٤) وهى لغة جميع المسلمين لتخاطبهم وتفكّرهم
فى نشر الاسلام واحكامه (٥) ومن المسلّم انها من افصح اللغات واقدمها و
اوسعها وانّها لغة حيّة لاميّتة يتكلّم بها ملايين من الناس.
ليحزننى انّا نتعلّم لغاتٍ مختلفةً اصعبها واوحشها والتى لانميل اليها فانّما
هى اللغة العربية مع اننا نُعلن انّا مسلمون!! وهذا خسران مبين.

أسئلة:ـ متى تتيقظ أنت؟ أتجتهد أن توقظ الآخرين؛
أتجتهد البنات كمثل البنين ان يتمتّعن بالمشاهد الطبيعية؛
أتجتهدانِ أيها الصّديقان ان تتفكّرا فى خلق السمٰوات و
الأرض؛ لماذا يستمع الخيار لنصيحة الكبار؟ أيتيقّظ العابدون

فی الشتاء لصلوٰۃ الفجر ؟ لماذا تتمایل الاشجار؟ لماذا تتوجہ الاطیار من الأوکار إلی الاشجار؟ بایّ الاعمال تشتغلون صباحًا؟ أتستغفرون ربکم؟

ذیل کے صیغوں میں جو ماضی ہو اس کا مضارع اور جو مضارع ہو اس کی ماضی لکھو:۔

تتساءلون۔ تکلمتَ۔ أتکلّم، تتوضأنَ۔ اجتہدتُ نتوکّلُ تیقّظتنّ۔ تمتّعا۔ تفکّروا، أختلِف، توافقتم، إنکشف، نُوقَظ، أحضِرتم، شاورتُ، اتمایل۔ یستمعون، متعّتُ نُعِدُّ، اقررتم، ورَمتُ، تورّمتُ، رُمتَ، نُحسِن، نشتغل، انعمتَ، قُدِّمتُ، أخّرتُ، أتعلّم، زِدتما۔ تتوبان، وصفتَ

ذیل کے صیغوں سے اسم فاعل کے صیغے (مذکر و مؤنث اور واحد و جمع) بناؤ:۔

یتمتّع، یتعلّم، یُحسِن، یتفکّر، یجتہد، یتوافق، یُقرّون یتمایل، یختلف، یتوکّل، یتوضّأ۔ یتیقّظ،

ترجمہ کرو:۔ (الف) اور اللہ پر توکل کر بیشک اللہ توکل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ کہہ تو اپنے کفر سے کچھ متمتع ہو جا۔ تو تو اصحاب دوزخ میں سے ہے۔ اور وہ تجھ کو ایسے (لوگوں) سے ڈراتے ہیں جو اس کے سوائے ہیں۔ اور اللہ سے بخشش چاہو۔ بیشک اللہ خوب بخشنے والا اور مہربان ہے۔ خدا وہ ہے جو اپنے بندوں پر کھلی ہوئی (بینٰت) آیات نازل کرتا ہے تاکہ تم کو تاریکیوں سے روشنی کی جانب نکال لیجائے۔ عاد نے رسولوں کو جھٹلایا۔ اور وہ زمین اور آسمانوں کی خلقت میں تفکر کرتے ہیں

(ب) علم سیکھ کیونکہ علم ذی علم کے لئے زینت ہے۔ ان لوگوں سے مشورہ کرو جو اہل ہیں۔ ان امور کو پیچھے مت کرو جو اہم ہیں مختلف علوم حاصل کرنے کی کوشش کرو پیچھے نہ ہٹو۔ لڑکیو! عربی زبان سیکھو کیونکہ قرآن اس میں نازل کیا گیا ہے۔ تمہارے بھائی کا منہ کیوں سوجھ گیا براہ کرم آج آپ میرے گھر میں شام کا کھانا کھائیے۔ میں آپ کا ممنون ہوں گا۔ نماز کے لئے دوستو! مسلمانوں کو جگاؤ۔ کیا مصیبتیں ان کو غفلت کی نیند سے جگائیں گی؟ حامد اور ماجد! تم دونوں اپنے کام میں لگے رہو ادھر ادھر نہ دیکھو۔

درس ۵

غِبَّ القطار

ذات يوم قصد الصّديقانِ حامدٌ وماجدٌ إلى ضواحی المدينة ليتمتّعا بمناظرها الجميلة فسأل ماجدٌ صاحبَه :-

ماجد:- هل تهيّأ اخوك الصّغيرُ ليَصحبَنا ؟

حامد:- لا: كيف يتهيّأُ أن يصبحنا الى مسافة طويلة وهو ولدٌ صغير-

ماجد:- هل تهيّأتَ انت يا حامد؟

حامد:- نعم: كيف لا اَتهيّأُ ولی ولَعٌ بذلك من زمان

ماجد:- أما أخذت معك مِظَلّة اولُبادة ؟

حامد:- بلىٰ: قد اخذتُ الآن معی مِظَلّةً لا لُبّادة و هذا دأبى من زمان ألاّ اخرجَ فی فصل المطرِ بدون.

إحدٰيهما۔ واخيرًا خرج ذانك الصديقان يوم عُطلة إلى ضواحي المدينة واستمرّا على السير اليها حتى بلغاها فلبثا عند رياضٍ خضراء مُبتلّةٍ فقال ماجد لصاحبه وهو يحاوِرُه :-

انظر يا صديقي إلى الارض كيف اخضرّت وإلى الازهار كيف تفتّحت واشَمّ روائِحها العَطِرةَ۔ و تفكّر في الوانها المختلفة۔

حامد:۔ لماذا تَبيَضّ الازهار وتَصفَرّ يا ماجد وكيف تَحمَرُّ وتخضرّ؟

ماجد:۔ لا اعلم انا يا صديقي العزيز وما لاَحدٍ من علمٍ به انّ في ذلك لَآيٰتٍ لقومٍ يتفكّرون۔

حامد:۔ هل البنات يزُرنَ هذه الرياضَ ليتمتّعن بمناظرها الجميلة ويَشتَمِمن روائِحها العَطِرةَ؟

ماجد:۔ نعم، انّهنّ يزرنها ويلتَذِذْن بهذه النعمة الّتى انعمها الله على عباده۔

ثمّ قال ماجد لصاحبه يا أخى: انظر كيف تهبّ الرّياح وتهتزّ الاشجار، تارة إلى أمامها وتارةً إلى ورائها كانّها تقوم وتركع لله الواحد القهّار واسمع تغريد الأطيار كانّها تسبّح لخالق اللّيل و النّهار وانظر إلى المياه فى الانهار كانّها زال عنها القرار مثل هذه المناظر تسرّ القلوب وتُقرّ العيون فيا ايّها النّاس اعبدوا ربّكم الذى انزل من السّماء ماءً واخرج به من الثمرات رزقا لكم فلا تجعلوا لله اندادا وانتم تعلمون۔ ثم رجع الصّديقان وانّهما بنزهتهما هذه فرِحانِ۔

أسئلة:۔ اىّ يوم خرج ماجد وحامد إلى ضواحى المدينة

ولماذا؟ هل تتهيأ أن تصحبني يوم الجمعة للسفر إلى بمبائي؟

أيّ شيء أخذ حامد معه ولماذا؟ أتحب أن تشتم الأزهار؟

لماذا تخضرّ الأرض؟ أيّ المناظر تقرّ العيون؟ من ينزل السماء

ماء؟ كيف تجد الأشجار حين تهبّ الرياح؟ كيف تجد الماء

في الأنهار؟ أزرت الحديقة تارةً؟

ترجمہ کرو:۔ ہمارا مہربان رب۔ ہماری اسلامی تعلیمات۔ میرا (کامل) دین؛
آپ کا (عزیز) وطن۔ اس کا (خوبصورت) گھر۔ اس کے (مخلص) دوست۔
ان کی (تعلیم یافتہ) لڑکی۔ ہماری (مشہور) جامعہ۔ ہمارے (ناصح) اساتذہ۔
ہمارے (غافل) بھائیوں میں۔ ہمارے تعلیم یافتہ دوستوں میں۔ حیدرآباد
کے تاریخی مقامات۔ دیانت کے مفید نتائج۔ درختوں کے خوشبودار پھول
درختوں کے بھیگے ہوئے پتے۔ نہروں کا میٹھا پانی۔ عربی کی جدید کتابوں میں
کیا درختوں کی طرح لوگ بھی خوشی سے جھومتے ہیں؟ کیا تم اے لڑکیو! باغ کے
(خوشبودار) پھول سونگھنا چاہتی ہو؟ ان سرخ خوبصورت پھولوں کو دیکھو
کس طرح وہ کھلے ہوئے ہیں۔ تمہارے (قیمتی) کپڑے کیسے بھیگ گئے؟ کیا تمہارے
پاس واٹرپروف نہ تھا؟ میرے والد محترم نے مجھ سے کہا: اپنے مخلص بڑوں

کی عمدہ نصیحتوں پر عمل کرو۔ ان کی (مفید) نصیحتوں سے متمتع ہونے کی کوشش کرو۔

رات دن اس خدا کی پاکی بیان کرو جس نے تم کو پیدا کیا اور آسمان سے مینہ برسایا اور یہ خوشبودار پھول اور لذیذ پھل پیدا کئے۔ تمہارے چھوٹے بھائی کا رنگ بیماری سے زرد پڑ گیا۔ درخت کے پتے پیلے کیوں ہو جاتے ہیں؟ کیا گناہ سے دل سیاہ ہو جاتے ہیں۔ کیا ان لڑکوں کے رنگ سفید ہو جاتے ہیں جو (سرد) ممالک کو اعلیٰ تعلیم کے لئے جاتے ہیں۔ کیا ہمارے دینی زعما میں اخلاص پایا جاتا ہے؟

درس ۶

استثناء مفرغ

هل جزاءُ الاحسانِ الّا الاحسانُ ، هل يُهلك

الّا القومُ الظالمون، وما مِن الٰهٍ الّا اللّٰهُ الواحد

القهّار، إن انا الّا نذيرٌ مبين ، اِن اجرِیَ الّا علی

ربّ العالمين ، وما امر الساعة الّا كلمحِ البصر، لا

حولَ ولا قوّة اِلّا باللّٰه العلّی العظيم ، اِن هذا الّا

اساطيرِ الاوّلين، اِن يقولون الّا كذبا ولا تزِدِ

الظالمين الّا تبارا ، لا يكلّف اللّٰه نفسا الّا وسعَها،

اِن يتّبِعون اِلّا الظنّ واِن هم الّا يخرصُون ولا

تقولوا على اللّٰه الّا الحق، وما ارسلناك الّا بالحقّ

بشيرا ونذيرا ، وما هذه الحيٰوة الدنيا الّا لهوٌ

ولعِبٌ ، ولا تقتلوا النفسَ التی حرّم اللّٰه الّا بالحقّ

ولا تكسِبُ كلّ نفسٍ الّا عليها۔

ايّها الولد العزيز! لا تتيقّظ إلّا صباحا ولا تعبد إلّا ربّك ولا تُشرِك بالله إنّ الشرك لظلمٌ عظيم ولا تخَفْ إلّا إيّاه ، ولا تعتمد إلّا عليه ، ولا تتناول إلّا غذاءً سريعَ الهضم فانّما الغذاء الثقيل يثقل على المعدة فيُسبّب مرضا ولا تأكلْ ولا تشرَبْ إلّا حلالاً طيّبًا وعلى وقته ولا تتناولْه إلا بقدر كفايتك - ولا تقرأ إلّا على وقت القراءة - ولا تلعب إلّا على وقت اللّعب ولا تُصاحب إلّا الخيار ولا تشتغل إلّا بالذى ينفعك ، ولا تقُلْ إلّا صوابا ولا تتّبعْ إلّا حقّا - واحذَرِ الصحبَ المنافقين فانّهم لا يقولون إلّا كذبا - ولا تُجرّبِ التّفرّجُ بل احذَرْهُ فانّما التفرّجُ عاقبتُه شنيعة و حافظ على دينك فانّما المحافظة عليه تصونك من جميع

الآفات ۔ ولا تسلك الا مسلك اکابر المسلمين الذين ضربوا خير مثالٍ من حياتهم الطيبة ولا تفتخر بمالك او بمال آبائك فانما المال ميّال ۔ ولا تحسب انّ الدّنيا هي دار القرار فانّما هي دار الاعتبار لاولى الابصار ۔ ولذلك يعوذ منها الصالحون ويلوذون بالفرار ۔

أسئلة :۔ لماذا خلق الجن والانس ؛ من فی غرور ؛ ماجزاء الاحسان ؛ ای غذاء ينبغی ان يؤكل ؛ كيف التفريح ؛ أتحبه ؛ ماذا تنفع المحافظة على الدين ؛ ای شئ يصونك من جميع الآفات ؛ هل الدنيا دار القرار ؛ أ تعبد الٰهًا غير الله ؛ أيجوز لعبد الله ان يعبد الوطن ؛ لماذا يعوذ الصالحون من الدنيا ؛

ان کلموں سے مفعول کے صیغے بناؤ (واحد و جمع اور مذکر و مؤنث) ۔

يتبع ۔ يعتمد ۔ يستمتع ۔ ينتظر ، يتوقع ، يشتم ، يختلف ، لوم

جز خبط، عیب، غیب۔

ترجمہ کرو:۔ (الف) محمد رسول ہی ہیں۔ اللہ کی ہی عبادت کرو۔ تم جھوٹ ہی کہتے ہو۔ وہ اللہ کو بہت ہی کم یاد کرتے ہیں۔ کافر ہی ہماری آیات کا انکار کرتے ہیں (جحدَ ب) اور مدد اللہ کے پاس سے ہی ہے۔ یہ تو ہم ہی جیسا بشر ہے۔ تجھ پر صرف پہنچا دینا (بلاغ) ہے۔

(ب) اسی قائد کی اتباع کرو جس میں عقل، کوشش اور خلوص ہے۔ اسی کی عبادت کرو جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ ان ہی لوگوں پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے جو لوگوں کی خدمت کرتے ہیں۔ انھیں لڑکوں کے ساتھ رہو جو اللہ اور اس کے رسول کو دوست رکھتے ہیں۔ اے مسلم لڑکیو! وہی لباس پہنو جو تمہارے جسموں کو ڈھانکے اور اسی راستہ پر چلو جس پر صحابیات چلی تھیں۔ مال اور حکومت کی وجہ سے کسی دوسری قوم کی اتباع نہ کرو۔ اپنی ہی تہذیب کو دوست رکھو۔ مذہب کو ترقی یا امن کا دشمن ہرگز نہ سمجھو۔ مذہب وہی سکھاتا ہے جس سے تم کو ترقی حاصل ہو۔ اور دنیا میں امن اور صلح قائم ہو جائے۔ کسی عالم کی بلیغ تقریر (خطاب) یا کسی قائد کے دینی لباس سے دھوکا نہ کھاؤ۔ ان کے اعمال پر غور کرو۔ اسلامی حقیقی تعلیم ہی پر عمل کرنے کی کوشش کرو۔ یہی نجات کا وسیلہ ہے۔

درس ۷

إذا إن

إذا قلتم فاصدقوا۔ فإذا عزمت فتوکّل علی اللہ

وإذا قُرِئ القرآن فاستمعوا له وأنصِتوا لعلّکم

تُرحمون وإذا مسّهُ الشرُّ فذو دعاءٍ عریض، وإذا

سمعوا اللّغو اعرضوا عنه، ولکلّ امّة أجلٌ فإذا

جاء أجلهم لایستأخرون ساعةً ولایستقدمون

إن أحسنتم أحسنتم لأنفسکم، وإن کذّبوك

فقل لی عملی ولکم عملکم، وإن حکمت فاحکم

بینهم بالقسط، (قال عیسیٰ) إن تُعذّبهم فانّهم عبادك

وإن تغفر لهم فانّك انت العزیز الحکیم۔

ایّها الولد السعید! إن شئت أن تسعد فی

الدارین فاخدم الوالدین۔ إن عملت بنصائح

الکبار تُعَدّ فی الخیار۔ إن زیّنتَ نفسك بالخلق

الحسن فاعلم انّك محبوب فی الزّمن، إن صادقك الانام فاسبِقْهم فی السّلام فانّ السّلام من محاسن الاسلام۔ إن خاب سعیك فلاتیأس فان الیأس یجرّعلیك البأس۔ اِذا تقدمت مرّةً فلاتتأخّر اذا تأخّرت فلاتتقاعد۔ بل شَجِّع نفسك علی التقدّم فان التقدّم سبب التکرّم۔ اِذا ظفِرتَ بمنصِبٍ کبیرٍ اومالٍ کثیرٍ فلاتکن بذلك فخورا وکن لاصلِك ذکورا، الجِدّ شرط للجَدّ فاذا فات الشرط فات المشروط اذا تعلّمتِ علما فاعْمَل به، فانّ العلم بلا عملٍ کشجرٍ بلاثمر۔ اِذا تعودّت الصبر علی المصائب فاعلم انّك ستظفر بالعلی المراتب۔ لاتخف اِلّا اِلٰهًا واحدا فاذا زال عنك خوف الواحد یهجم علیك خوف الکثیر

ے وکُنْ اَکیسَ الکَیْسٰی اذا کنت فیهم

وإن كنتَ فى الحمقى فكن انت احمقا

ملاحظة :۔ ان كان فى الجملة الثانية من الجملة الشرطية اسم او امرًا و نهيٌ فاستَعمِل الفاء۔

أسئلة :۔ لماذا أُمِرنا ان نحكم بالقسط ؟ متى أُمِرنا ان نقتل المشركين ؟ متى تعدّ فى الخيار ؟ كيف تكون محبوبًا فى الزمن ؟ كيف نسعد فى الدارين ؟ لماذا لانيأس إن خاب سعينا ؟ أيحصل الجَدّ بدُون الجِدّ ؟ كيف تظفر باعلى المراتب ؟ متى يهجم علينا خوفُ كلّ شئ ؟ لماذا لانتأثر بوعظ الواعظين ؟

ترجمہ کرو :۔ (۱) اور موسیٰ نے کہا اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہیں تو اس پر توکل کرو اگر تم مسلم ہو۔ جب ان سے کہا جاتا ہے رحمان کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں رحمان کیا ہے۔ اور جب ان سے کہا جائے رکوع کرو تو وہ رکوع نہیں کرتے۔ جب ان (عورتوں سے) متاع مانگو تو پردہ کے پیچھے سے مانگو۔ جب تمہارے پاس منافق آئیں تو کہیں گے آپ یقیناً اللہ کے

رسول ہیں۔ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق یقیناً جھوٹے ہیں۔ اگر تم نے توبہ کی تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اگر انھوں نے تم کو جھٹلایا تو کہدو کہ میرے لئے میرا عمل اور تمہارے لئے تمہارا عمل۔ پس اگر انھوں نے تم سے لڑائی کی تو تم ان کو مار ڈالو۔

(ب) اگر تم بڑے بننا چاہتے ہو تو بڑوں کی نصیحت پر عمل کرو، اگر عورتیں یورپ زدگی کو پسند کریں تو جان لو کہ ان میں نہ حیا رہے گی اور نہ ایمان۔ اگر تم دین اور دنیا میں کامیاب ہونا چاہتے ہو تو حقیقی اسلامی تعلیمات پر عمل کرو۔ جب تم سے دینی خصوصیات چلی جائیں تو تم سے انسانیت چلی جائے گی۔ اگر مسلمان میں برائیاں ہوں تو یہ نہ سمجھو کہ دین اسلام میں بھی برائیاں ہیں۔ جب تم کسی کے ساتھ احسان کریں تو اس کا ذکر نہ کرو۔ اگر آپ عربی سیکھ لیں تو قرآن و حدیث صحیح طریقہ پر سمجھیں گے اور قیمتی معلومات حاصل کرلیں گے جو عربی ہی میں پائے جاتے ہیں۔ اگر تم مسلمان ہیں اور صرف خدا کو پوجتے ہیں تو کیوں غیر اللہ کے لئے جھکتے ہو اور کیوں قبروں کو سجدہ کرتے ہو؟

نوٹ:۔ ان اور مَن بعد کے جملہ کے مضارع کو جزم دیں گے۔ اگر صرف دوسرے جملہ میں مضارع ہو تو اختیار ہے کہ جزم دیں یا نہ دیں۔

درس ٨

ناقص

(واحد) دعا يَدْعو أُدْعُ لَاتَدْعُ دَاعٍ مَدْعُوٌّ

(جمع) دَعَوْا يَدْعُونَ أدعوا لَاتَدْعوا داعُونَ مَدعوّون

ذات مرّة ذهب حميد إلى طبيبه القديم مع اخيه الكبير وقال له يا سيّدى انا محموم منذ ثلاثة أيّامٍ فقال له الطبيب أُدْنُ منّى يا ولدُ. فلمّا دنا الولد منه جسّ نَبْضَهِ ثم سأله كما يأتى :-

الطبيب :- أتأتيك الحُمىّ كلّ يومٍ؟

الولد :- نعم، تأتينى كلّ يوم من الصّباح الى المساء وبعد الظّهر تأخذ درجةُ الحرارة فى التّزايُد.

الطبيب :- أتشعر بصُداعٍ؟ أتكون الرِعْدَة مع الحمّى أتتقيّأ؟

الولد :- نعم، يا سيّدى أشعر بصُداعٍ شديد وتكون

الرِعدة مع الحمّیٰ ولکن لاتشتدّ وأتقیأ ثلثَ اوا ربعَ
مرّاتٍ۔

الطبیب:۔ کیف مذاقُ فمك أعَفِصٌ ھوأم مُرٌّ؟

الولد۔ مذاق فمی مرٌّلاعَفِصٌ۔

الطبیب۔ کم درجةً تکون الحمّیٰ فی مقیاس الحرارۃ
بکرةً وأصیلا؟

الولد:۔ بکرةً تکون علی الدرجة المعتادۃ ثم تأخذ فی
الصعود حتی تبلغ مئةً وثلثًا ثم تاخذ فی الھُبُوط۔

الطبیب:۔ أمادعوت طبیبا إلی الآن؟

الولد:۔ لایاسیّدی کیف أدعوطبیبا سواك وانت طبیبنا
القدیم وتعرِف طبا نُعَنا جیدًا۔

الطبیب:۔ ماسبب الحمّیٰ؟ أأکلتَ شیئًا باردًا اَوحارًا
جدًا أم سھِرتَ طولَ اللّیل؟

الولد:۔ لا یا سیّدی، ما أکلتُ شیئًا: لا بارداجداً ولاحارًا
جدا ولا سہرتُ اللّیلَ۔

الطبیب:۔ لاتخَفْ یا ولدی۔ اکتبُ لك نسخةً فیها مزیجٌ وَ
اقراصٌ فَاستعملها ثلاثَ مرات فی الیوم۔ ان شاء الله
عمّا قلیل تَخِفَ عنك الحمّٰی۔

الولد:۔ بیّن لی الحِمیَةَ یا سیّدی؟

الطبیب:۔ لاتأکل غذاء ثقیلا بل کُلْ غذاء سریع
الھضم واحذَرا لحموضة والدُّھنَ والباذِنجان
وما أشبَہَ ذلك۔

إن أکلت الان الرقاق مع المَرَق اوالإسفاناخ
یکون خیرا لك۔

الولد:۔ أشکرلك، یا سیّدی علی احسانك إلیّ وادعوالله
لك ان یَجزِیَك عنّی خیرا۔

أسئلة۔ لماذا ذهب حميد الى الطبيب ومع من ؟ أكانت الرعدة

مع الحمّى ؟ أكان حميد يتقيّأ وكم مرّة ؟ كيف كان مذاق فمه ؟

كم كانت درجة الحرارة ؟ عما سأله الطبيب ؟ ماذا بيّن له

الطبيب ؟ أينفع المريضَ الغذاءُ الثقيل ؟ اى غذاء ينفع المريض؟

ماذا قال الولد للطبيب حين رجع ؟

ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو۔

ندنو، دعت، ندعو، تجزی، اجزی، ادعو، یاتون، اتیتُ

دنوتُ، دعوتم، دنوتُ، اتینا، اتیتم، ناتی، یجزُون، تاتون

اجس، تجسُّون، اتقیأ، تقیأتُ، یتوضّأون، نتوضّأ، نستعمل

نُبیِّن، یتثاءبون، اشتدت، انهیأ، نُسبّح، نتکلّم، اَتّفق،

تزایدَت۔ نهیأت، جزیتم، تتفق،

ترجمہ کرو۔ کئی روز سے مجھے جاڑا بخار آرہا ہے ابھی تک کم نہیں ہوا۔ صبح

میں دو تین گھنٹے نارمل رہتا ہے پھر چڑھنے لگتا ہے چار بجے ۱۰۳ ہو جاتا ہے

وہ ترکاریاں نہیں کھاتا جن سے حکیم صاحب نے منع کیا ہے۔ پرہیز سخت ہے کب تک شوربا پھلکے کھاؤں؟ جب بخار کم ہو گیا اور پرہیز سے میں چھٹکارا پایا (تخلص) تو اللہ کا شکر کیا کیونکہ اس کے سوا کوئی شافی نہیں ہے۔ جس طرح بدنی بیماریوں کے لئے پرہیز ہے اسی طرح روحانی بیماریوں کے لئے بھی پرہیز ہے، ریا، نفاق، دھوکے، جھوٹ وغیرہ سے روح بالکل بگڑ جاتی ہے۔ ان سے بچو۔ ہر مصیبت میں اللہ کو پکارو اور اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکارو۔ اپنے رب کی طرف حکمت اور اچھی موعظت سے بلا۔

ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو:۔

دعوا، ترجُون، دنونم، تَدنو، اتیتُ، تأتون، نهدی

مشیتُ، آتی، تاتون، ادعو، دعوتَ، اتوا، رجوتُ،

هدیٰ، تمشُون، ندعو، جَسَستُ، تَشتَدُّ، جرتَ، اعِظُ

اسم فاعل واحد جمع بناؤ:۔

جزی، دنو، اتی، هدی، مشی، رجوه، غزو، کفی، رضی، خیط

میل، عود، عوذ، نوم۔

ملاحظہ:۔ اسم فاعل میں کلمہ کے آخری حروف واو ری گر جاتے ہیں جیسے جارٍ نکرہ جارِیٌ جارون وغیرہ۔

درس ۹
(لَمْ)

لَمْ يأكلْ   لم يأكلا(ن)، لم يأكلوا(ن)، لم آكل

لَمْ تأكلي(ن)، لم يأكلنَ   لم تأكلنَ   لَمْ نأكل

ذات يوم زار سعيد صديقه القديم حميداً في بيتِه الجديدِ واخذ يحادثه في شأن المدرسة وبينما هما كذلك اذا اخذ حميد يتثاءب فسأله سعيد عن ذلك :-

سعيد :- كيف حالك يا حميد ولماذا تتثاءب ؟

حميد :- أشعر يا اخي الآن برَسِيسٍ من الحمّى وحُرقةٍ في العينين -

سعيد :- أسهرت طولَ الليل ؟ أأكلتَ شيئاً ثقيلاً ؟

حميد :- لم اسهَرْ طول الليل بل نصفَه ولم أكل شيئاً ثقيلاً -

سعيد :- أتحِسّ بغَثَيانٍ او صُداع ؟

حمید:۔ نعم اُحِسّ بذلك یا اخی۔

سعید:۔ ألم تستعمل دواءً اومزیجًا احمرَها ضمًا؟

حمید:۔ نعم: لم استعمل شیئًا حتّی الآن؟

سعید:۔ ألم تتقیّأ حتّی الآن؟

حمید:۔ لا یا أخی إن تقیأتُ یخفّ عنّی بعضُ الاذیٰ۔

